نہیں کرسکتا حاصل برہم کا وصل
سدا پا درد و رنج و غم کے بانی
چلا کرتا ہمیشہ وہ بشر ہے
ہے پاک صاف انتشکرن جسکا
برے افعال سے کرتا ہے نفرت
وہ اوسکے وصل کو کرتا ہے حاصل

بری ہو وہ سدا رنج و تعب سے
سنادار مسرت دائمی ہے

پھر اوسکو رنج و غم دنیا کا زنہار
ستا سکتا نہیں اسے نیک کردار

جو ہے پاکیزہ دل جپ اور تپ سے
تمیز اوسکو دروغ و راستی کی ہے

خرد بھی اوس کی اس عاد الفنا میں
لگی رہتی ہے کارِ آتما میں

جو کرتا ہے سدا پرمارتھ ساوھن
مبرا زنگ سے ہے شیشۂ من

جو ایسا کوچواں ہو پاس اوس کے
تو باگِ من سے گھوڑے اندریوں کے

چلاتا ہے سدا راہ نکو پر
رہے وہ مقصدِ آقا میں تت پر

وہ انساں مرگ و پیدائش سے ہو پاک
نجات دائمی پاتا ہے بےباک

جو سب سے افضل و افسر ہے ایشور
جہاں باں خالقِ مخلوق برتر

اوسے بیشک ہے وہ ہوتا ہی حاصل
وہی دنیا میں ہے مکتی کے قابل

یہ فرماتے ہیں پھر مہاراج ذیشاں
گرامی مرتبت اسرارِ حق داں

کہ یہ جو جسم میں دس اندری ہیں
حواس ظاہری اور باطنی ہیں

ہیں محسوسات ان کے ان سے برتر
پھر ہے باریک من ان سے گذر کر

خردِ من سے بھی ہے باریک و برتر
ذکاوت میں ہے جو مشہور و اظہر

مہت تت اس خرد سے بھی بری ہے
پرکرتی ہے لطیف و پاک اس سے

پرکرتی سے پری جیو آتما ہے
لطیف اس روح سے پرماتما ہے

نہیں افسر کوئی پرماتما سے
وہ لامحدود حد مخلوق سے ہے

جہاں کی آخری منزل یہی ہے
نہ اس سے بہتر و برتر کوئی شے

کیا ہے قاعدہ میں جس نے پابند
ہر ایک دنیا کی شے کو اسے خردمند

خلاصت قاعدہ طاقت بھی کہا ہے
جسے تحقیق جانا یوگیوں نے
وہ پوشیدا ہے ہر جی ردھ کر اندر
بہت انسان متلاشی ہیں اوسکے
سبب کیا ان سے وہ باریک تر ہے
ہر ایک ذرہ میں تا مہر منور
کہا جاتا ہے پوشیدہ اسی سے
نہ ایسا وہ کسی شے سے ڈھنپا ہو
ہے بلکہ سب جگہ پر جلوہ افگن
خرد جو دام خواہش میں ہے پابند
نہیں اپنی خرد میں وہ سماتا
جو کشش کے نوک سے باریک تر ہو
نہایت عقل اوس کی دوربیں ہو
وہ انسان دیکھ سکتا ہے بلاشک
ہے جس کی عقل پاکیزہ نہایت
وہ انساں اپنے من میں اندریونکو
کرے قایم یکایک اپنے من میں
خرد بھی گیان سے روشن ہو اوسکے
بہت تست میں کری لے پہر خرد کو

ذرا جنبش کرے مادے کوئی شے
کیا تحقیق عالم عالموں نے
حواسوں سے نہیں ہوتا ہے اظہر
وہ ملتا نہیں ان اندریوں سے
لطیف و پاک ہے نزدیک تر ہے
ہے اوس کی روشنی ای نیک اختر
حسوں میں وہ نہیں ہے اندریوں کے
کسی یکجائی پردہ میں چھپا ہو
منور نور چوں خورشید روشن
حسوں میں اندریوں کے ای خردمند
نہ عقل و ہوش میں ایسے وہ آتا
سمجھ سے ہر وشے باریک تر کو
سمجھ لیوے کہ نہ ہر باریک تر کو
ذکا کے چشم دل پر لا کی عینک
خرد وسے نہایت نیک خصلت
بری کر دی ہوں محسوسات سے جو
نہ لاوے سمع و بیں و سخن میں
کرے قایم خرد میں من کے ڈورے
نہ لاوے دہیان میں تردید و رد کو

مست تت کو کرلے لے آتما میں
لگاوے آتما پر ماتما میں

ہر ایک انسان کو باصدق والفت
موافق تذکرہ بالا ہدایت

مناسب خواب مدہوشی سی اٹھکر
جہالت چھوڑکر بیدار بنکر

کوئی آچاریہ عالم اور قابل
خردمند ودے کے اوستاد کامل

ملی جس جا وہاں پر آپ جاکر
ہر ایک عنوان کی خدمت اداکر

کرے اوسکو گرو اپنا مقرر
تہ دل سے تسلیم خم کر

پھر اوس سے ست اَست تحقیق کرکر
لگاوے من کو اپنی آتما پر

نہیں یہ راہ ہے کچھ سہل و آسان
کہاں پاتا ہے شہرت کاہل انسان

وہ علمار سلف جو دور ہیں تھے
بیاں کرتے ہیں طرز علم ایسے

کہ علم آتما کے جو ہیں اسرار
نہیں ہے ہر بشر اون کا سزاوار

چھری کی دھار جیسے آب کی ہو
روانہ اوسپہ ہو رکھکر قدم کو

ہے ایسا راستہ یہ سخت مشکل
نہایت دقتوں سے ہووے حاصل

ندا آکاش کا گن ہے ہمیشہ
خلا سے برہم ہے دایم علیحدہ

وہ قوت لامسہ سے ہے مبرا
کہ یہ گن جان لے تو ہے ہوا کا

نظر آتا ہے جو اگنی کا گن ہے
یہ قوت باصرہ کا بیخ و بن ہے

وہاں پر پہونچتی کس کی نظر ہے
نہیں واں چشم بینش کا گذر ہے

کہاں ہے شکل و صورت آتما کی
نظر پڑے جو اوسپر چشم وا کی

وہ قوت ذائقہ سے بھی بری ہے
کہاں پانے کو تاب ہمسری ہے

زمین کا گن ہے بوا سے صاحب ہوش
نہیں کر سکتے وہ اسکو ہم آغوش

ایسی تجلی کو سمجھ بنیاد ہینی
نہیں ہے تا کسی گن میں وہ بیشک
وہ اپنا شے ہمیشہ ایک رس ہے
کسی کی ہے نہ وہ علت اوپادان
سدا سر دتر اور لا انتہا ہے
جو ایسا برہم ہے باریک دیکھتا
جہاں کے مُردن و زادن سے بچکر
بجی ہوتا ہے وہ رنج و بلا سے
یہا چاریج اہل دانش دور اندیش
کہا ہے اپنے شاگرد ذکی سے
قدیم و لازوال اوپدیش ہے یہ
جسے شاگرد اور استاد کامل
دو ہے اوپدیش اوس پرماتما کا
کوئی شاگرد لایق اور فایق
سمجھکر دیکھنے قابل جو ہے برہم
اوسے وہ عالم و دودان انسان
عبادت کے ثمر سے سیر ہو کر
جہاں میں قابل تعظیم ہووے
وہ انسان جسکا من ہوتا ہے یکسو

کہ ہے یہ قوت شاہلی ہستی
کر سب گن سے ہے وہ نرگن ہے بیشک
نہ اوسی کارن اوسکا کوئی کس ہے
مہت تت بھی ہے باریک تو جان
وہ لاثانی ہے اور دایم بستا ہے
اوسیکو جان کر انسان دانا
وہ ترجیاتا ہے یہ سنسار ساگر
نہیں پاتا ہے دُکھ دار فنا سے
بموجب دید پرمیشور کا اوپدیش
کیا مقبول ہے اوسنے خوشی سے
سے علم اور دور اندیش ہے یہ
یہ بحث و تذکرہ کرتے ہیں حاصل
جو ہے ویدوں میں لاثانی دیکھتا
کسی آچاریج سے سُنکر دقایق
بشر کے اندرون دل ہے جو برہم
بچشم عقل دل لیتا ہے پہچان
وہ عالم باعمل کامل خرد در
سبھا میں لایق تکریم ہووے
حواس دیران پر پاتا ہے قابو

ہمیشہ پاک ہے اور مستقل ہے
جو ایسا شخص ہو بہتر و قابل
وہی ہو جانے کا اوس کے شایاں
جو تنہائی میں بتلایا ہے جاتا
سبھا میں برہمنوں کے گروہ اپدیش
یا جس جا عالم و فاضل برہمن
وہاں ہو تذکرہ پرماتما کا
تعجب کیا کہ وہ اوپدیش کامل

سرور و رحم میں یکساں اوسکا حال ہے
اگر دے سے پاسے پھر اوپدیش کامل
سوا اوس کے نہ جانے کوئی انساں
مکمل علم اوس پرماتما کا
بیاں فرمائے کوئی دور اندیش
پیے آب خورشی ہوں جلوہ افگن
وہاں اوپدیش ہوا س آتما کا
فراواں ہو سپے مردانِ عاقل

سویم بلی ہوئی یہ ختم یکسر
چہارم کا بیاں اب سن خردور

تیسری بلی ختم ہوئی

کہا تھا تیسری میں یہ نہاں راز
چہارم میں بیاں کرتے ہیں مہاراج
بلا باریک دانش کے سبب کیا
وہ پرستور جو ہے بالذات قایم
بنائی اس نے ہیں یہ اندریں سب
علاوہ ان کے جو کرم اندریں ہیں
حسوں پر ہی سدا رہتی ہیں گرتی

خرد باریک سے ہووے عیاں راز
جہاں میں نامور یمراج سرتاج
نہ ہووے منکشف راز آتما کا
بلا امداد اور آزاد دایم
زبان و چشم و گوش و بینی و لب
سبھی وابستہ رہتی ہیں حسوں میں
صفت ایسی ہے ان کی برہمنے کی

اسی باعث سے بیسر دی موشے کا
نہیں دیکھے کوئی اسی نظر کر
کوئی انسان جس نے اپنی آنکھیں
ہمیشہ وصیان کی رکھتا ہے خصلت
اور اسکے دلمیں چاہت موکش کی ہے
وہ انتشکرن میں پرماتما کو
جو ہیں بے عقل اور کم فہم انساں
نظر کرتے ہیں اپنی نہ رخوں پر
اگرچہ جسم سے ہیں وہ علیحدہ
جو موت ہر اک بشر پر ہے مقدم
ہواسوں کے سدا بند ہن میں آکر
بجزان کے جو عالم باعمل ہیں
وہ عالم مستقل مکتی کی حالت
کر ایسا خیال دل میں اپنے قایم
نہیں کرتے ہیں راحت کی تمنا
ہے جیسے نیّر اعظم جہاں میں
وہ اپنے نور سے کرتا ہے اظہر
اسی انداز وہ پرماتما بھی
جو سب چیزوں کی علت فاعلی ہے

ہمیشہ دیکھتی ہیں یہ تماشا
دردن قلب خود نور شور
بہر نوع دل سے اپنے بندگی میں
یہی ہے روزمرہ اسکی عادت
دل اسکا نوش وعصیاں سے بری ہے
بہ عقل ودہیان وہ دیکھے شاں ہو
وہ رہتے ہیں سدا پابند عصیاں
بجان ودل فدا ہوتے ہیں ان پر
و لے رہتے ہیں دایم انکو شیدا
وہ اسکے دام میں پھنستے ہیں پیہم
فنا ہوں مردل و زادن سو پاکر
وہ استقلال پر ہیں اور اٹل ہیں
ہو جس میں لازوال حاصل مسرت
سمجھ جاتی و شئے مشکہ کہ وہ دایم
وہ عیش دنیوی سے ہیں مبرا
ہر ایک اشیا ظاہر اور نہاں ہیں
ہر ایک اشیاء مخفی کو جہاں پر
تاہر ایک ذی روح کے اندر ہے مخفی
لشکل گیان ہر شے میں مخفی ہے

اسی کو حاضر و ناظر سمجھ تو
اسی کی وجہ سے سب اہل دُنیا
بگوش و بینی و چشم و زباں سب
براز و بول و لمس و تاب رفتن
یہ سب گفت و شنید و صحبت زن
اگر ان پہ نہ ہو اوس کی عنایت
عمل کرنے میں روح آزاد ہے گر
عمل کا روح کو ملتا ہے بدلہ
وہ ایشور کچھ عمل کرتا نہیں ہے
کہ جیسے آفتاب اپنی ضیا سے
اسی مانند وہ قیوم و دانا
اوسی کی وجہ سے یہ عیش و عشرت
ہر ایک ذی روح کو ہووے میسر
اوسی نے اندریاں ہمکو عطا کیں
پھر ہمکو جاننا باقی رہا کیا
اسی کو تو نے پوچھا تھا خردمند
جو انساں خواب سے اول و آخر
گر اسے ہے دھیان اوسکا با دل و جان
نہ دل کو اوسکے ہو رنج و محن کچھ

اسی کو ناظر و ناصر سمجھ تو
حواسوں سے عمل کرتے ہیں اپنا
معہ چرم اور بھی کرم اندریاں سب
گرفت و بیں و بوئیدن چشیدن
اوسی کی داد ہے اے صاحب فن
ذرا کچھ کر سکیں کیا تاب و طاقت
دلے ہر لمحہ ہے محتاج ایشور
کہ دایم اسکا آزادی سے ہے پیشہ
سبب لیکن عمل کا بالیقیں ہے
ہر حیواں کے معاون چشم کا ہے
نمت کارن ہے اشیائے دہر کا
جہاں کی نعمتیں اور مال و دولت
کہ بانی انکا ہے وہ برہم برتر
اوسی نے جاننے کی قوتیں دیں
سب علم دُنیوی ہے اندریوں کا
یہی ہے برہم جسکے سب ہیں پابند
سمجھتا ہے اوسے حاضر و ناظر
نہیں وہ دیکھتا خواب پریشاں
نہیں پاتا ہے وہ تکلیف تن کچھ

وہ عالم دھیان کی رکھتا ہے خصلت
وہ اوسکو سرو دیا پک جان آجان
جو یہ اس جسم میں جیو آتما ہے
یہی پاتا ہے بشر نیک کردار
جو اس چیتن میں نزدیک وہ دیا پک
بوقت ماضی و مستقبل و حال
ہے اوسکا برہم مالک اور نگہبان
جو ایسی آتما کو جانتا ہے
وہ عالم علم کے ہونے سے زنہار
یہ اوس کے گیان کا جانو ثمر ہے
جو پرانوں سے قبل ہے وہ نراکار
کرے ہے نور کو اپنے نمایاں
پئے پیدائش مخلوق فانی
جہاں کو پھر وہ کرتا ہے ہویدا
عناصر سیا بھی ہے وہ سرو دیا پک
جو عالم اوسکو ایسا مانتا ہے
سدا رکھتا ہے وہ مکتی کی چاہت
وہ عالم من کو قایم ایک جا کر

اور اسکو جانتا ہے لا نہایت
نہیں ہوتا کبھی دکھ سے پریشان
جہل سے تن کا اہمانی ہوا ہے
یہی ہے جسم کے پرانو کا آدھار
وہ ہے پر برہم اسے شاگرد بیشک
جو پیدا ہو جہاں اسے نیک افعال
پرستش اور ثنا کے ہے جو شایاں
محیط جملہ خلقت مانتا ہے
نہ ہووے رنج و ذلت کا سزاوار
جو تونے پوچھا وہ یہ ہے پسر ہے
شب پردے سے ہوتا ہے نمودار
قبل آکاش سے ای فخر انساں
اظہر کرتا ہے نور لا یزالی
عناصر سے کرے ہر چیز پیدا
نہانی طرز سے وہ سرو دیا پک
ورزورخ و رامت کو بھی جانتا ہے
ہے اطہر دل نہ نفرت اور رغبت
نظر کرتا ہے نور آتما پر

یہی ہے وہ جو علما جانتے ہیں
تمام اجزا میں یکساں نہ ہو
خرد جو ہے مکمل اور منور
اوسی پربرہم کا ہو گیان اظہر
وہی ہے جاننے کی بھی سزاوار
ہو مثل ماتر قایم اور مددگار
مسرت بخش اور باریک و افضل
پرانایام سے کی ہے مکمل
اور ہو مقصد برار اور غیر تقسیم
مراد اوس کی ہو ہر دم بتفہیم
وہ ہے اس جسم کے ہمراہ پیدا
عناصر سے جو ہوتا ہے ہویدا
علیحدہ آتما سے جان اوسکو
پرکرتی روپ بیشک مان اوسکو
کرانتشکرن میں قایم خرد کو
کرے قایم جو عالم باعمل ہو
وہی اس برہم کو ہے جان سکتا
علاوہ اس کے پھرتا ہے بھٹکتا
جو آتش چوب کے اندر نہاں ہو
رگرٹنسم ہے وہ روکی عیاں ہو
اسی مانند لازم ہے بشر کو
تموگن سے بڑی جس کی خرد ہو
پشیمستی کاہلی اور خواب غفلت
تموگن ہے ہمیشہ جس کی خصلت
انہیں وہ چھوڑ موستگن میں قایم
کہ ہے بہت حصہ قدسی ہے دایم
پھر اوسکو دھیان کرنیکی بھی عادت
تواتر ہو سدا سے نیک خصلت
ہوا ہے جس سے گیان و دید پیدا
ہو وہ مخفی اوس انساں پہ ہویدا
جو برہم اس جنم میں ہے پُرُش گن
وہ تھا جیسا تر میں ویخ اور تن
وہ سب کا کرتا ہے دھارن و پالن
ہر ایک جنموں میں سن تو اے نکوظن
وہاں موجود تھا اور وہ یہاں ہے
کوئی اسرار کب اوس سے نہاں ہے
غرض جس جنم میں جیسا ہے وہ برہم
وہی ہر جسم میں رہتا ہے وہ برہم

جو کرتا ہے نگاہ غیر معمول | گنا ہوں میں وہی ہوتا ہے مشمول
تعلق غیر سے ہے وہ صدمہ موت | غرض پیدا ہو جب رہو لقمۂ موت
اگر ہو صاف آئینہ بلا زنگ | نہ ہووے اوسپہ کچھ بھی غم و غش زنگ
جب ہو جاتا ہے ہر نوع بیکدورت | نظر آتی ہے اوسمیں صاف صورت
اسے مانند انتشکرن ہو پاک | نظر آوے جب اوسمیں نور بیباک
انہیں اجسام میں ہردے کے اندر | جو ہے خانہ انگوٹھی کے برابر
سو باریک تن یہ روح اقدس | وہاں رہتی ہے فعلوں سے ہوئی بس
نگاہ دھیان سے جب دیکھتا ہے | نظر آتا وہاں جیو آتما ہے
وہی پرم پھر وہاں لا انتہا نور | نظر آتا ہے سن اسے باخبر ہو
ہر ایک جا برہم ہے ہر شے میں موجود | میان جسم ہے ہردے میں موجود
یہ ماضی اور مستقبل ہیں جتنی | ہوئی اشیا ہیں پیدا اس جہاں کی
وہ سب کا مالک و خالق ہے ہر آن | بموجب حکم جو عامل ہے انسان
نہیں پاتا وہ گاہے رنج و غم کو | کبھی خاطر نہ اوس کی مضمحل ہو
جسے معلوم کرنا اے خردمند | تو چاہے تھا وہ ہے بیحد انند
جگہ انگشت دستی کے برابر | جو ہے ذی روح کے ہردے میں مقرر
جو کل برہمانڈ میں ہے وہ یہاں ہے | مثال شمع روشن بے دخاں ہے
وہ روشن ہے اور ہے علم منور | ہوا ہے اور ہوگا سب کا سرور
وہ افسر آج ہے اور کل یہی ہے | یہی ہے وہ تغیر سے بری ہے
ہر ایک انسان کو لازم ہے ایسا | کہ دیکھیں کرم جسم و آتما کا

بلا جان جسم یہ زنہار زنہار   نہیں کچھ کام کرنے کا سزاوار
بلندی سے سدا نیچی جگہ پر   چلا کرتا ہے یہہ پانی برابر
اسی مانند اس جسم اور جان کے   عمل کرنے میں رہتی ہی ردلنے

چہارم ہو چکا بلی کا مذکور
سُن اب پنجم کو تو اے باخرد یور

چوتھی بلی ختم ہوئی

جو شاہ شہر تن جیو آتما ہے   بلا علت سدا لاابتدا ہے
خلاف ورنج سے علم اسکا بری ہے   قدیم ہے لافنا ہے اور نعتی ہے
ہیں اس کے شہر کے یہہ یازدہ در   دو بینی چشم دو اور ایک بر سر
دہن ایک گوش دو اے باخرد نیک   براز و بول دو اور ناف کا ایک
یہہ ایسا جسم فانی ہر بشر کا   مثال شہر ہے آباد یک جیا
حواس و حس و ہر عضو بدن سے   مزین ہے دماغ و عقل و من سے
نہایت فرض ہے جیو آتما کا   فروکش ہے جو اسمیں مثل راجا
کہ پوری ورن آشرم کے بوستھا   کرے باقاعدہ اس تن میں پیدا
اوسی کے دھیان میں دائم مگن ہو   اوسی پر برہم کے دل میں لگن ہو
بلی ہے سلطنت اس شہر کی جو   بروے عدل اسپر حکمراں ہو
یہہ قرضہ ہیں جو تینوں آشرموں کے   ادا کرنا ضروری ان کا سمجھے
یہ تینوں رِن بھی جو اسپر قرض ہیں   ادا کرے وہ تینوں اشرموں میں

رشی اور دیو و پتر آئی صاحب جش
موافق دھرم جوان کا ہو پابند
وہ رنج و فکر و کلفت سے بری ہو
مدام اس روح کو رہتا ہے چکر
یہی قایم ہو ہردے کی جگہ پر
یہی شکل بشر ہو یگ کا عامل
یہی کر جسم دھارن ہووے ساکن
نہ ظاہر مُردن و زادن کی ساعت
سدا ملتا ہے اسکو جامۂ جسم
گہے با شکل انسان نکو کار
ہو دھرم ودان و یگ و سچ کا عامل
گہے باریک تن سے آسمان پر
بحر میں گھ یہ جسم جاندار
گہے شکل نباتات ہو کے اظہر
گہے جل سے ہو شکل جاندار
غرض آواگون جیو آتما کا
ولیکن یہ امر ہے ست وچت ہے
پرانوں کو بوقت یوگ ابھیاس
جو وایو پران ہے ہردے میں ساکن

یہ برن ہیں ہو منزوران سے سبکدوش
ہو پہونچتے آشرم ادسکو برہم آنند
ہمیشہ دیوتوں کی ہمسری ہو
یہ قالب چھوڑ ہو قابض دگر پر
جو ہے سب جسم سے وہ پاک و برتر
یہ لوگ دھیان کرے وصل اوسکا حاصل
زمین و چرخ پر اسے نیک باطن
مقرر اس کی ہے اے نیک سیرت
موافق کرم یہ کاشانۂ جسم
تن برہم رشی میں ہو نمودار
کرے پرماتما کا وصل حاصل
ہو قایم جسم کو اپنے نہاں کر
یہ جلچر روپ سے ہو دی نمایاں
یہ خاک و آب سے پیدا ہو اکثر
گہے ہو جاندار کو ہمابراں
دکار ہتا ہے دُنیا میں ہمیشہ
انادی ہے فہیم ہے اور نت ہے
مقید کر مناسب ہے کری پاس
اوسی برہمانڈ میں لا نیک باطن

اور ہے مقعد کے جانب جسکا میلان
میان کنٹھ و ناف اوسکو شکم میں
پھر انتشکرن میں قایم کر اوسکو
یہہ پھر روح قدیم و پاک و انور
اور اوسکے روبرو پھر اطاعت
کھڑے رہتے ہیں مانند غلاماں
اگرچہ جسم پر یہہ حکمراں ہے
نہیں اسکا نشاں رہتا ہے باقی
چلا جاتا ہے یہ جسم دگر میں
وہے پرماتما رہتا ہے ہر دم
نہیں ہے جسم سے اوسکو علاقہ
فراق و وصل تن کا یہ اوسکو
یہی ہے سرو و پاپک اور نراکار
نہیں رہتا ہے زندہ کوئی انسان
یہ بلکہ اندرونی آتما سے
ولیکن پھر بہی وہ اس سے جدا ہے
جب ہوتا ہے یہہ چیتن جز میں شامل
اسے نچلیتا چراغ نل گوتم
قدیم و لازوال اسرار مخفی

وہ ہے والوایان اسے مخز انسان
پھر ہے وہ پاک طینت ایکدم میں
غم و فکر جہاں سے وہ بری ہو
مثال شہ ہو جلوہ گر وہاں پر
حواس و حس وغیرہ با قناعت
سب ہی ہوتے ہیں اوسکے زیر فرمان
پس مردن یہ کب رہتا یہاں ہے
ذرا بھی درمیان جسم خاکی
معہ من اور اندری کچھ پھر نہیں
ہر ایک اجسام میں بالذات قایم
نہیں پاتا وہ عیش و غم کا حصہ
ستاتا ہی نہیں کچھ اسے نکو خو
اسیکو جانتا ہے نیک کردار
اپان و پران سے ای صاحب شان
پناہ گیر اور شامل ہے سدا
نہ ہرگز ایں و آں اوسپر روا ہے
اوسیکو جان زندہ اور عامل
تو کرم و لطف کے قابل ہے ہر دم
ترے مانند قابل اور کو بھی

قدیم و لازوال اسرار مخفی — ترے مانند قابل اور کو بھی
سمونگادہ جو ہے سکہنے کے قابل — یہ اوس پر برہم کا اپدیش کامل
تو سن اب کرکے یکسو من کو اپنی — جو مشکل تر ہے سر راز آتما ہے
سمونگادہ بھی جو انسان مر کر — یہ قالب چھوڑکر لے جسم دیگر
علیحدہ برہم گیان سے جو بشر ہے — اور اپنی آتما سے بے خبر ہے
ہوا ہے جیسا عامل اس جہان میں — لیا ہے جتنا حصہ شاستر گیان میں
وہ کرمونکے ثمر میں ہو کے شامل — بموجب سنسکار اور خواہش دل
نئے قالب میں ہوں پابند اوس کے — جو آلودہ ہے یونی تخم و خوں سے
گنا کرتے ہیں بعض اشخاص من سے — گناہوں میں جو وہ سب سے زبوں ہے
وہ کرتے ہیں شجر سے جون حاصل — یا دیگر جون ہو جو اوس کے قابل
جو سب برہمانڈ میں دیا پک ہے برہم — ہے انتریامی و آنندمے برہم
ہے خالق اور صانع جملہ اشیا — پئے خواہش برآری اہل دنیا
جو خواب غفلت و مستی سے ذی جان — رہا کرتے ہیں مدہوش و پریشاں
وہ اون میں ہوشدار اور جاگتا ہے — ہر ایک کی دل کی خواہش جانتا ہے
وہی ہے شدہ برہم اور سب سے اعلے — اوسیکا مرتبہ ہے سب سے بالا
کہا جاتا ہے مخفی اور نراکار — وہی سرو تر ہے اور سرا آدہار
مہ و مہر زمین و آسمان سب — اوسی سے ہیں یہ قایم اور مرتب
کہاں طاقت ہے اور ہے تاب کسکو — جو اوسکے قاعدہ سے منحرف ہو
سبہی قانون قدرت کے ہیں پابند — کوئی منکر ہو کیا ذکر اسے خردمند

یہی وہ آفتاب ہے اے نکوکار
اگرچہ ایک ہے لیکن بکثرت
یہ واحد مثل آتش جلوہ گر ہے
نہیں ہیں جس جگہ اجسام و اشکال
بہت باریک ہونے کی وجہ سے
یہ جیسے خلق میں واحد صبا ہے
ہے جس شے میں اوسی کی شکل یہ ہے
اسی مانند یہ ایک چدانند
نمایاں اور فروزاں ہے جہاں میں
بصارت کا سبب دنیا کے اندر
اگر دیکھے نہ کوئی چشم بیمار
کسی سے کچھ نہیں اسکو سروکار
یہ واحد ہر جگہ جلوہ کناں ہے
یہہ پرمیشور بھی جوں خورشید روشن
کسی کے عیب سے اوسکو نہیں غم
یہ واحد جملہ ذی روحوں کے اندر
سبھی میں دیاپت ہے اور سب پہ قادر
یہہ پرمیشور ہنگام قیامت
کسیکی فہم میں آتا نہیں ہے

ہے جسکے جاننے کا تو سزاوار
ہر ایک میں ہے ہر ایک کی شکل و صورت
ہر ایک اجسام میں ہر وقت پر ہے
وہاں ہے جلوہ گر آکاش تمثال
نگاہ جانداراں سے نہاں ہے
ہر ایک اشکال میں جلوہ نما ہے
کبھی اس سے جدا کوئی نہیں شے
بشکل جملہ اشیا اے خردمند
زمین و چرخ میں کون و مکاں میں
یہی ایک جلوہ گر ہے مہر انور
قصور اسکا نہیں زنہار زنہار
کہ دیکھے یا نہ دیکھے کوئی جاندار
ہر ایک اشیا میں یکساں ہمگیاں ہے
ہر ایک جاندار میں ہے جلوہ افگن
نہ سکھ دکھ کا اثر اوسپر کسی دم
اور ہیں مخلوق میں جتنے چراچر
نہیں ہے کوئی اشیا اس سے باہر
کہ ہے باریک تر اور لانہایت
کہ دخل عقل کچھ اوسجا نہیں ہے

الٰہی ہے ایک پرکرتی سے پیدا
وہ عالم دھیان کے خصلت ہے جسکی
سدا ہے دھیان کی مشق وعادت
گردسے اپنے وہ اوپدیش پاکر
وہ اوس پرماتما کو دیکھتا ہے
نجات جاودانی اوسکو حاصل
بجز اوس کے نہیں ہے کوئی انساں
جو پیدا ہونے کے باعث کل اشیا
وہ انکے اندروں دیا یک ہے ہر آن
اور اس دنیا میں ہیں ذی سوچ جتنے
وہی ہے ہوشمند ہوشمنداں
جہاں میں جو چرا چر منقسم ہیں
ہر ایک جاندار کو وہ حسب کردار
جو عالم لوگ اپنی آتما میں
کسی آچارج کامل سے وہ سنکر
وہ دایم شانتی کو کرکے حاصل
بجز ان کے جو ہیں بے علم وجاہل
یماچاریہ نچکیتا سے نے یہ بھی
بیہ فرمایا کہ اوس پرماتما کا

یہ جتنی بھی ہیں اس دنیا میں اشیا
نظر رکھتا ہے سو سے برہم اپنی
وکیومسن ہے اوسکا باصداقت
رکھی ہے دھیان اپنی آتما پر
جو انتریامی سبکا آتما ہے
ضرور ہوتی ہے اسے شاگرد عاقل
دوامی مکت سے کے قابل وشایاں
ہمیشہ ہوتی ہے لقمۂ فنا کا
رہا کرتا ہے پوشیدہ و پنہاں
وہ ان جیو ونمیں جیتن روپ سے نے
ہر ایک جان میں ہے نور اوسکا فراواں
وہ ایشور ایک رس دیا یک ہے سب میں
سدا کرتا ہے رہتا ہے ثمردار
اوسی پر برہم کو قایم کرے ہے
وچار برہم سے ہوتی ہیں خوشتر
لگا رکھتے ہیں اپنا برہم میں دل
اونہیں یہ شانتی ہووے نہ حاصل
گذارش کی بعجز وانکساری
اشارہ سے نہیں ہوتا بتانا

بتاتی ہیں محقق اور دانا
کہ یہ جلوہ ہے اوس پرماتما کا

وے کہتی نہیں یہ آتما ہے
دکھا سکتے نہیں وہ شکل کیا ہے

تو دیکھا ہے مثال شمع روشن
یا مثل مہر و مہ ہے جلوہ افگن

بالطاف و کرم فرمائیے آپ
جو ہو معلوم وہ بتلائیے آپ

کہا یہ طاقت خورشید انور
فروزاں ہو جو نور آتما پر

نہ ہو سکتی ہے تاب ماہ تاباں
کہ ہو اوس برہم پر وہ نور افشاں

نہ انجم اور بجلی کا گذر ہو
جو گا ہے کر سکے روشن وہ اوسکو

تو پھر کیا آتش ارضی سبک تر
دکھاوے گی چمک اپنی وہاں پر

کہ ہیں یہ سب مہ و مہر اوس سے تاباں
نجوم و آتش برق فروزاں

اوسیکا نور ان میں جلوہ گر ہے
منور ہیں یہ سب اوسکے سبب سے

وہ پرمیشور ہے خود بالذات روشن
ہے اوسکا نور سب میں جلوہ افگن

ہوئی یہ پانچویں بلی بھی اب ختم
کہ اسکا ختم یہانتک ہو چکا نظم

پانچویں بلی ختم ہوئی

جو پتلا خاک کا جسم بشر ہے
سراپا صورت و شکل شجر ہے

اگر یہ کٹ کے بل سے ڈھا گرا ہو
تو بیشک یہ شجر کے شکل کا ہو

یہ فانی ہے ولیکن سلسلہ یہ
انادی اور قدیم ہے لاشبہ یہ

ہوا ایسے جسم کا بانی مبانی
قدیم و لا زوال و غیر فانی

وہی ہے برہم پاک صاف و نرمل
وہی پربرہم ہے سبکا سہارا
یہ پرمیشور ہے تو اب جان اوسکو
جو پیدا ہو جہاں بعد از قیامت
ہے جانداروں کی موجب زندگی کا
اوسی کے حکم سے سب اہل عالم
بنے عالم یہ کل عالم کے اشیا
مثال بحر ہیہ تکلیف دہ ہے
اس عالم کا وہ خالق بیگماں ہے
کسیکی یہ نہیں تاب و تواں میں
کوئی گر حکمراں اقبال یاور
تو اوسکے روبرو سب اہل کاراں
بایں صورت مہ و مہر درخشاں
ہے غالب سب پہ یہ قانون قدرت
اوسی کے خوف سے آتش ہو افروخت
اوسی کے حکم سے سورج تپاں ہے
بخوف اوسکے یہ برق ماہ انور
اوسی کے خوف سے یہ باد صرصر
اوسی کے خوف سے مرتو ہمیشہ

عظیم و قایم و قیوم و اکمل
زمین و آسماں کون و مکاں کا
اننت و ہمہ داں ہے مان اوسکو
سبب اوسکا ہے پرمیشور کی طاقت
پس قیامت جو ہوتی ہیں ہویدا
ہمیشہ کار میں رہتی ہے قایم
سبب ہے خوف و درد و رنج و غم کا
زنجیرہ زادن و مردن کا یہ ہے
وہی مثل شہنشہ حکمراں ہے
خلاف حکم ہو سارے جہاں میں
نہایت ہو زبردست و دلاور
بموجب قاعدہ ہو زیر فرماں
سدا ہیں کاربند کار دوراں
مخالف ہو ذرا یہ کس کی طاقت
رکھے خود میں ہمیشہ طاقت سوخت
خلاف حکم ہو طاقت کہاں ہے
چمک اپنی دکھاتی ہیں جہاں یہ
چلا کرتی ہے اس ارضی کرہ پر
رکھے ہے قبض ارواحیں کا پیشہ

اوسی کے خوف کا سب برا اثر ہے
قبل از مرگ دا جب ہے بشر کو
سبب ہے جسکے اس ہی جنم میں وہ
کری تاریکی اگیان کو دور
کدورت اوسکے دل سے دور ہووے
خلاف اسکے کرے گر کوئی انساں
کرے حاصل جہاں میں جنم دیگر
کدورت سے ہو جسدم آئینہ صاف
اسی مانند انتشکرن جسکا
کیا ہے یوگ و دہیان سی پاک نرمل
اوسی کو مثل صورت آئینہ وار
بلا موجودگی در خواب غفلت
اسی مانند وہ پرتو فگن ہو
درون آب در شکل مدور
ہو ایسے ہی یہ دلپر جلوہ برہم
ہو جیسے دھوپ میں سایہ نمایاں
تصور اوسکا وقت موسیقی ہو
سمادہی نروکلپ ہوتی ہے جسدم
وہی طرز نجات دائمی ہے

مخالف ہو نہیں سکتی یہ ڈھب ہے
کرساعی وہ تلاشش برہم کا ہو
ہو روشن دل خیال برہم میں وہ
بھرے دلمیں وہ اپنے گیان کا نور
مسرت سے ہے دل ماموربہ ہووے
وہ ہر بار ہو کے پیدا ہو پریشاں
ہو دنیا میں غذا اسے موت اکثر
نظر آتی ہے اوسمیں شکل شفاف
ہوا ہے لوث و عصیاں سے مبرا
نہیں باقی رہی ہے کوئی ہل چل
نظر آتا ہے پرمیشور کا دیدار
نظر آتی ہے جیسے شے کی صورت
درون قلب یوگی خیمہ زن ہو
ہر ایک جاندار کے ہو شکل اظہر
مسرت بخش و اظہر جلوہ برہم
ہو ایسی ہی وہ دل پر نور افشاں
سمادہی یا کہ یوگی کے لگی ہو
وصال برہم و جیو ہوتا باہم
ہر ایک اقسام کے دکھ سے بری ہے

واندری پنج تت سے ہیں ہویدا — سبب اپنی اپنی علت سے ہیں پیدا
ہوے آکاش سے یہ گوش پیدا — ہوا سے لمس کے قوت ہویدا
ہے آتش سے یہ آنکھوں کی بصارت — زمیں سے جان لی بینی کی طاقت
زباں پانی سے ہوتی ہے ہویدا — سبب پانی ہے قوت ذائقہ کا
وہ نت وشدہ و بدہ ہے سچدانند — حواسوں سے بری ہے اے خردمند
جو پیدا او فنا ہوتی ہیں دایم — وہ ہیں اسے باخبر اجسام عالم
وہ پرمیشور ہے لافانی سناتن — ہے سب میں ویاپت ہر جا جلوہ فگن
اوسی کو جان کر علماے کامل — بہ فکر و رنج و غم کرتے ہیں حاصل
لطیف و پاک ہیں جس اندریوں سے — من اون سے پاک اور باریک تر ہے
ہے من سے پاک بدھی اے خردور — مہت تت اوسے ہے باریک اطہر
مہت تت سے پرکرتی پاک تر ہے — سبب مخلوق کا جو اسے پر ہے
ہے پرکرتی سے اعلےٰ اور برتر — نراکار آتما اے نیک اختر
کہ جسکو جان کر انسان دانا — سمجھ لیوے دکھوں سے چھوٹ جانا
وہاں کب فکر و عقل دوربیں کا — ہر ایک واعظ کا یا کہ سامعیں کا
گذر ہوتا ہے اے ہمشاگرد دانا — کہ ہے لاانتہا وہ ذات یکتا
کہاں ہے روبرو کچھ شکل اوسکی — جو پہچانی زبان و چشم و بینی
ہے اوسکے جاننے کا یہ طریقا — ہوا ہر دے میں قایم من نہی جسکا
سنکلپوں اور وکلپوں سے بری کر — ہوا غالب ہے من کے برتیوں پر
یہ من کے برتیاں ہر وقت و ہر دم — چلا کرتے ہیں مثل برق پیہم

انھیں انسان عقل دور ہیں سے
کرنے قایم من اپنا آتما پر
تو وہ جان اوس اننت ہمہ داں کو
حواس خمسہ جب اپنے حصوں سے
بحالت یوگ یوگی مستقل ہو
خرد بھی پاک ہو اور مستقل ہو
اوسے کہتے ہیں جیون مکت علما
اچل ہوتے ہیں اوسکے اندریاں سب
بری ہوتا ہے غفلت سے وہ یوگی
جو ہیں بھلی بری اوسکے وسایل
وسایل تو کے پیدایش ہی ہوتی
اوسے کہتے ہیں عالم لوگ یوگی
زبان دہن و چشم و گوش و بینی
نہیں پہچاننے میں ان کے آتما
شناسائی کی ہے نہ قسم دیگر
کہ جتنے بھی ہیں یہ اشیاے عالم
بناوٹ بھی نظر آتی ہے ان کے
وہی ہر آتما صانع ہے ان کا
اوسی سے ہے ظہور جملہ عالم

روانی سے ہر ایک جا سب کے رہ کے
محقق عقل سے سوچے خرد دور
بلاشک رنج دنیا سے بری ہو
علیحدہ ہو کے تابع ہو دیں من کے
باستقلال قایم اوسکا من ہو
نہ چلنے دے خلاف برہم اوسکو
وہ ہے آزاد اور دکھ سے مبرا
ثمر ہوتا ہے حاصل یوگ کا تب
ہو دکھ اور سکھ میں یکساں حالت اوسکی
وہ اوس حالت میں ہو جاتے ہیں زایل
سراپا ہو ستوگن کی ترقی
اوسے ہوتی ہے حاصل یوگ سدھی
شناسائی میں عاجز ہیں یقینی
کہ ہے باریک روپ اوس آتما کا
بجز یوگ و تصور اسے خرد دور
ضرور ہیں یہ کسی طاقت سے قایم
کسی صانع کی صنعت ہے ضروری
بجز اوس کے ہے یہ امکان کسکا
بنا بھی پنچ تت جس کی ہے دایم

مقدس اور باریک عقل سے یہہ
کہ ہیں یہ جسقدر اشیاے عالم
اگر ان میں نہ ہو کچھ اوس کی قدرت
پھر یہ مشہور ہی حق الیقیں کر
تو اوس انسان کا یہ جسم جتین
ہوا ہے مبتلا جو خواہشوں پر
بھری ہیں اوسکے دلمیں خواہشیں سب
وہ جب ہو جائیگا ان سے مبرا
کریگا ان سے انتشکرن کو پاک
وہ حاصل کرکے اوس پرماتما کو
ہر ایک انسان دل سے جانتا ہے
کہ ہیں میری مکان و باغ دلستاں
کرونگا میں فلاں مقصد براری
میں ہوں طفل و جوان و پیر دانا
جدائی سے سدا ہوتا ہے نالاں
غرض کرتا ہے ہر دم سکھ کی ساماں
من اوسکا جبتک ان کاموں سے برہم
یہ ہیں سب طرح سے ملوق مضبوط
مبرا ان سے ہو جیو آتما جب

ہر ایک ذی فہم کو معلوم ہے یہہ
اسی قانون قدرت سے ہیں قائم
کہاں ہو شیرنے کی اوسمیں طاقت
کرے وہ دہیان اپنی آتما پر
ہوا ہے اندریوں سے جو مزین
حواسوں کو چلاتا ہے حسوں پر
تمناؤں سے ہے سینہ لبالب
ذرا پابند خواہش کا نہ ہوگا
اور رہوگا نفرت و رغبت سے بیباک
کرے گا شاد اپنی آتما کو
شے فانی کو اپنا مانتا ہے
زن و فرزند اور عشرت کے ساماں
میری ہو اس طرح سے کامیابی
میں ہوں ذی فہم اور مرد توانا
میسر سے ہوا کرتا ہے شاداں
دکھوں سے چھوٹ جانیکا ہی خواہاں
بھرا ہے ہر طرح کی خواہشوں سے
سدا رہتے ہیں جسم و جاں سے مخلوط
میسر اوسکو ہو پرماتما تب

میں اوس کی نجات دائمی ہو ۔۔۔ وہ مرگ و زیست دونوں سے بری ہو
یہی ہے شاستر کا اوپدیش کامل ۔۔۔ ہمیشہ سے یہ کہتے علماے عاقل
جو ہیں ہردے میں ناڑی ایکسو ایک ۔۔۔ ہے اونمیں سکھمنا بہتر بلا شک
یہی ایک سکھمنا ہے راہ مکتی ۔۔۔ کہ جو برہمانڈ کو جاتی ہے سیدھی
علاوہ اس کے جو سو ناڑیاں ہیں ۔۔۔ خلاف مکت سب ہی بیگماں ہیں
وقت موت جاں ہردے میں ہے جو ۔۔۔ براہ ناڑیاں تن سے رواں ہو
اگر جاں سکھمنا ناڑی میں ہو کر ۔۔۔ رواں ہو اندر رہ سوراخ پر سر
تو اوس یوگی کی مکتی میں نہیں شک ۔۔۔ جو وہ لیجاے جاں اوسمیں یکایک
خلاف اس کے ہیں دیگر ناڑیاں سب ۔۔۔ سزا ہے اور جزا ہی جنکا مطلب
بوقت مرگ یوگی حبس دم سے ۔۔۔ براہ سکھمنا جاں کو نکالے
محافظ جو حواس و جسم کا ہے ۔۔۔ وہی ہردے میں ساکن آتما ہے
سدا ذی روح کے ہردے کی اندر ۔۔۔ ہے جیا اوس کی انگوٹھی بھر مقرر
مناسب ہے کہ اوس جیو آتما کو ۔۔۔ باستقلال غفلت سے بری ہو
علیحدہ کرے دل سے مثل سر کے ۔۔۔ کہ جیسے مونجھ سے جاتی ہی کھینچے
سمجھ لے راگ و دویش اسمیں نہیں ہے ۔۔۔ وہ پاک و صاف نرمل بالیقیں ہے
قدیم ولا زوال و لا فنا ہے ۔۔۔ امر ہے وہ اوسے دائم بقا ہے
محبت جسم کی رکھتا ہے دائم ۔۔۔ کہ ہے جنمانتر سے اوس میں قائم
محبت کا سبب الپگیتا ہے ۔۔۔ اسی سے دام دنیا میں پھنسا ہے
جب اسکے گیان سے کٹتی ہیں بندھن ۔۔۔ تو کرتا ہے یہ خود اپنا ہی درشن

پرارتھنا

منجانب خاکسار ہر سکھ لال ویش متوطن محمود پور کن
حال سنبھل محلہ کوٹ متخلص جگیا سو کہ جس نے ٹوٹا پھوٹا
ترجمہ کٹھ اُپنشد کا کر کے منظوم کیا

یہ جگیا سو کی ہر دم التجا ہے
کہ انتشکرن اسکا شدھ ہووے
بجز ذات مقدس ہو نہ چاہت
کوئی دنیا کی نعمت اور لذت
نہ بیہودگی و شے کا مبتلا ہو
سعادت اسکا طرز دھیان میں ہو
بنا اس جنم سے ہے ڈال اسکی
کہ یہ ہر جنم میں تیرا ہو شیدا
سدا دکھ سے رکھے اس زندگی میں
نہ دل اشیاء فانی پر فدا ہو

اوسی سے وہ جو سبکا آتما ہے
علیحدہ ہو جہاں کی خواہشوں سے
بھری دل میں رہی تیری محبت
نہ ہو زنجیر تسخیر قناعت
سدا دل میں منور آتما ہو
عجب کیا ہو جو حاصل یوگ اسکو
خبر ہو کہ اس کے دیگر جنم کی بھی
نہ ہو دل میں خیال غیر پیدا
کہ دل یکساں ہو شادی اور غمی میں
نہ اس دام بلا کا مبتلا ہو

ادسیدم برہم میں ہوتا ہی داخل
ہوا ختم اب یما چاری کا اوپدیش
امرت اس برہم و ودیا کا ثمر ہے
یما چاری سے نچکیتا خردور
بہ یوگ و دھیان ادسے من لگایا
اگر دیگر کوئی انسان عالم
بموجب پند عامل یوگ کا ہو
گیا جب ختم ساری اونپشد کو
تہ دل سے ادا کرنے لگے وہ
کہ پرمیشور تو ہم دونوں کو باہم
وکر یکسا تھ دونوں کی حفاظت
جو کچھ پڑھنا پڑھانا ہو ہمارا
کریں نفرت نہ گاہے ہد گر ہم
تو اسے پرماتن کر پاکر ایسی
جو دکھ ادھیاتمک من کی ہیں سارے
وادھیدیوک جو ہیں دکھ دادھور
وادھی بھوتک زسوے جانداراں

نجات دائمی کرتا ہے حاصل
جو آب زیست ہے بہر نچکیتش
کہ عامل اسکا ہو جاتا امر ہے
ہوا آزاد ودیا کو سمجھکر
لہذا امرت بہ مکتی کو پایا
پڑھے یہ اوپنشد با عقل سالم
ضرور حاصل کرے وہ آتما کو
تو چاہا شانتی اور پرارتھنا ہو
بسوے برہم یہ گویا ہوئے وہ
چھوڑا اگر سیر کر از حرص عالم
دگر مسرور از مہر و عنایت
وہ ہو مشمول نور برہم سارا
ہیں دونوں سدا مسرور و خرم
کہ ہو دیں دور تکلیفات ثلاثی
مثال او بھیڑ و موہ ہو کام ہمارے
تپ و باران و ژالہ و باد و صرصر
جو کر دیتے ہیں انساں کو پریشاں

یہ سب ہی دور ہو جاویں ہمارے
اور ہو دیں مستحق ہم شانتی کے

یہی ہے پرارتھنا اے عالم کل
ہو عامل ہر گھڑی کار سعد کا
ہو کام و کرودھ و لوبھ موہ سب دور
پریم کرپال اننت و سچدانند
اننت و ہمہ داں خالق کل
قدیم و قادر و قیوم و دانا

کہ یہ تار زیست با صبر و تحمل
نہ ہووے خیال گاہے کا بد کا
رہے تجھ میں ہی دل شاداں ہر آں
یہ ہے لطف و کرم کا آرزومند
کر اپنی مہر اسپر بے تامل
علیم و عالم مخفی و پیدا

لے اپنی گود میں نسل پسر تو
کر آزادی سے اسکو بہرہ ور تو

تمام شد

بالی شمیم پریس پیا ڈہرہ میں باہتمام کرم بخش پرنٹر چھپا